www.understandquran.com

سبق - 6

عقائد جولوگ اللہ کے بتائے ہوئے راستے کے علاوہ کوئی اور راستہ اختیار کرتے ہیں وہ کامیاب نہیں ہیں اور وہ جہنم میں جائیں گے۔

حدیث رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص پانی پیئے تو (پینے کے) برتن میں (پانی پیتے ہوئے) سانس نہ لے۔(بخاری: 5630)

دعا اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ وَسَدِّدْنِيْ (مسلم: 2725)

اے اللہ! مجھے ہدایت دیجیے اور مجھے درست کیجیے۔

سیرت رسول ﷺ رسول اللہ ﷺ تین سانس میں پانی پیا کرتے تھے۔آپ ﷺ نے جلدی جلدی پینے سے یا نہایت گرم چیز پینے سے روکا ہے تاکہ ہماری صحت کو نقصان نہ ہو۔

ہمیں اپنی روزانہ کی زندگی میں اپنے پیارے نبی حضرت محمد ﷺ کی اتباع کرنا چاہیے،اس سے ایک تو ہمیں اللہ تعالیٰ کے یہاں اجر وثواب ملے گا،ساتھ ہی ساتھ اس سے ہمیں اپنی صحت کو اچھا رکھنے میں بھی مدد ملے گی۔

اخلاق وآداب پینے کے آداب:

1. پانی بیٹھ کر پینا
2. پینے سے پہلے گلاس وغیرہ اچھی طرح دیکھ لینا
3. پانی رک رک کر تین سانس میں پینا
4. اگر پینے کی چیز گرم ہو (جیسے دودھ یا چائے وغیرہ) تو اس میں پھونک نہ مارنا
5. گلاس، کپ وغیرہ سے پینا، بوتل یا جگ وغیرہ کو منھ لگا کر نہ پینا